سوال

گھر میں نماز باجماعت کروانے پر اقامت کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا قرآن مجید پڑھتے ہوئے کوئی سپارہ چھوٹ جائے تو کیا اسے دہرانا ہوگا۔ ؟ کیا گھر پر بیٹے کے ساتھ جماعت کروانے سے نماز پڑھنے پر اقامت کہنا ضروری ہے۔ ؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس حوالے سے کوئی نص موجود نہیں ہے۔ لیکن بہتر یہی ہے کہ آپ ترتیب سے پورے قرآن مجید کی تلاوت کریں اور اگر کوئی پارہ چھوٹ جائے تو اسے بھی دہرا لیں، لیکن یہ دہرانا کوئی ضروری عمل نہیں ہے۔ آپ قرآن مجید کے منتخبات کی بھی تلاوت کر سکتے ہیں۔ گھر میں یا کہیں بھی جماعت کروانے کی صورت میں اقامت کہنا بعض کے نزدیک سنت مؤکدہ اور بعض کے نزدیک فرض ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ